
# بسم اللہ الرحمن الرحیم

## المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)

D-7، بلاک "B" نارتھ ناظم آباد، کراچی

+92-331-2607204

almuneer.pk




# الحج

(سنہ 1445ھ بمطابق 2024ء)



مرتب: مفتی منیر احمد
استاذ: جامعہ معہد العلوم الاسلامیۃ (رجسٹرڈ)
فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

almuneer.pk



# اللہ تعالیٰ کا مہمان بننے کا شرف

# بہت بہت مبارک ہو

almuneer.pk

# فہم حج و عمرہ کورس

## چوتھی کلاس: مدینہ طیبہ حاضری اور زیارات

almuneer.pk AlMuneerOfficial Almuneer

# مدینہ طیبہ کی حاضری

| نمبر شمار | کام | تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | نیت سفر مدینہ | جب مدینہ منورہ کا سفر شروع کریں تو اس طرح نیت کریں: اے اللہ میں سرکار دو عالم ﷺ کے مزار مبارک کی زیارت کے لیے مدینہ منورہ کا سفر کرتا ہوں، اے اللہ ! اسے قبول فرمالیجیے۔ |
| 2 | اہتمام سنت | سفر مدینہ میں سنتوں پر عمل کرنے کا خاص خیال رکھیں۔ |
| 3 | درود شریف | اس سفر میں درود شریف بکثرت پڑھیں۔ |
| 4 | مدینہ میں | مدینہ طیبہ کی آبادی نظر آنے پر شوق دید زیادہ کریں اور درود وسلام خوب پڑھتے ہوئے عاجزی سے داخل ہوں۔ |
| 5 | مسجد نبوی ﷺ | قیام گاہ پر سامان رکھ کر غسل کریں ورنہ وضو کریں، اچھا لباس پہنیں، خوشبو لگائیں اور ادب واحترام سے درود شریف پڑھتے ہوئے مسجد نبوی ﷺ کی طرف چلیں۔ |

# مدینہ طیبہ کی حاضری

| نمبر شمار | کام | تفصیل |
|---|---|---|
| 6 | باب جبرئیلؑ | باب جبرئیلؑ یا باب السلام ورنہ کسی بھی دروازے سے داخل ہوں اور یہ پڑھیں: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔ |
| 7 | دایاں قدم | ادب سے دایاں قدم رکھیں اور نفلی اعتکاف کی نیت کر لیں تو اچھا ہے۔ |
| 8 | نفل نماز | اگر مکروہ وقت نہ ہو تو ریاض الجنۃ میں محراب النبی ﷺ کے پاس ورنہ کسی بھی جگہ دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھیں اور پھر دل و جان سے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کریں، دعا کریں اور توبہ کریں۔ |
| 9 | روضہ مبارک پر حاضری | اب انتہائی خشوع و خضوع، ادب و احترام کے ساتھ روضہ اقدس کی طرف چلیں اور جالیوں کے سامنے پہلے سوراخ کے آگے تین چار ہاتھ کے فاصلے سے کھڑے ہو جائیں اور نظریں جھکا لیں۔ |

# مدینہ طیبہ کی حاضری

| تفصیل | کام | نمبر شمار |
|---|---|---|
| اور درمیانی آواز سے اس طرح سلام عرض کریں: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَانَبِيَّ اللّٰهِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاحَبِيْبَ اللّٰهِ | درود وسلام | 10 |
| اس کے بعد حضور ﷺ سے شفاعت کی درخواست کریں اور 3 بار کہیں: اَسْئَلُكَ الشَّفَاعَةَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اور آپ ﷺ کے وسیلہ سے دعا کریں جس میں حسنِ خاتمہ، اللہ تعالیٰ کی رضا اور مغفرت بطورِ خاص مانگیں۔ | دعا | 11 |
| اس کے بعد جس عزیز یا دوست کا سلام کہنا ہو اس طرح عرض کریں: اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ فلان بن فلان کی جگہ اس عزیز کا نام مع ولدیت ادا کریں۔ | دوسروں کا سلام | 12 |
| اس کے بعد دائیں طرف جالیوں میں دوسرے سوراخ کے سامنے کھڑے ہو کر اس طرح سلام عرض کریں: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاسَيِّدَنَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ خَيْرًا۔ | صدیق اکبرؓ پر سلام | 13 |

# مدینہ طیبہ کی حاضری

| نمبر شمار | کام | تفصیل |
|---|---|---|
| 14 | عمر فاروقؓ پر سلام | اس کے بعد پھر ذرا دائیں طرف ہٹ کر تیسرے سوراخ کے سامنے کھڑے ہو کر اس طرح سلام عرض کریں: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاسَيِّدَنَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ الْفَارُوْقِ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ خَيْرًا۔ |
| 15 | دونوں کی خدمت میں | اس کے بعد ذرا بائیں طرف بڑھ کر دونوں حضرات خلفاء کے بیچ میں کہیں: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَاوَزِيْرَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ جَزَاكُمَا اللّٰهُ اَحْسَنَ الْجَزَاءِ۔ |
| 16 | حضور ﷺ کی خدمت میں | اس کے بعد پھر بائیں طرف بڑھ کر پہلے سوراخ کے سامنے آجائیں، اور ذوق و شوق سے حضور ﷺ کی خدمت میں درود و سلام پیش کریں، جس کے الفاظ اوپر لکھے گئے ہیں اور پھر اپنے لیے، اہل و عیال اور والدین وغیرہ کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ |

# مدینہ طیبہ کی حاضری

| نمبر شمار | کام | تفصیل |
|---|---|---|
| 17 | دعا | اس کے بعد مسجد نبوی میں ایسی جگہ چلے جائیں کہ قبلہ رو ہونے میں روضہ اقدس کی طرف پیٹھ نہ ہو اور اللہ تعالیٰ سے خوب رو رو کر دعا کریں۔ |
| 18 | چالیس نمازیں | مرد حضرات مسجد نبوی میں چالیس نمازیں ادا کریں، لیکن یہ چالیس نمازوں کی پابندی ضروری نہیں ہے، محض مستحب ہے۔ |
| 19 | مسجد قُبا | ہفتے کے دن ورنہ جب موقع ملے مسجد قُبا میں دو رکعت نفل ادا کر لیا کریں بشرطیکہ مکروہ وقت نہ ہو |
| 20 | جنت البقیع | کبھی کبھی جنت البقیع جایا کریں، ایصالِ ثواب، دعائے مغفرت اور ان کے وسیلہ سے اپنے لیے دعا مانگ لیا کریں۔ |
| 21 | مدینہ سے واپسی | جب مدینہ منورہ سے واپسی ہو تو طریقہ بالا کے مطابق روضہ اقدس پر حاضر ہو کر سلام عرض کریں، اس جدائی پر آنسو بہائیں اور دعا کریں اور دوبارہ حاضری کی حسرت کے ساتھ واپس ہوں۔ |

# زیارات

almuneer.pk AlMuneerOfficial Almuneer

# مسجد الحرام

1. مکہ کا مقام و مرتبہ
2. حرم کیا ہے؟ اور کیوں؟
3. میری مناسبت سے حرم کیا ہے؟
4. حدود حرم
5. حرم خاص کیوں ہے؟
6. کعبہ
7. حجر اسود
8. مقام ابراہیم
9. صفا و مروہ
10. زمزم کا کنواں
11. مسجد حرام میں فراہم کی جانے والی خدمات
12. خطبہ جمعہ کا ترجمہ
13. نمازیوں کے سوالات کے جوابات
14. وہیل چیئرز کی سہولت
15. معذور افراد کے لیے سہولیات
16. نگرانی کے مراکز

almuneer.pk

# مکہ کے تاریخی مقامات

1. جبل نور اور غار حرا
2. جبل ثور
3. جامع مسجد عائشہ (رضی اللہ عنہا) میقات تنعیم
4. مسجد بیعہ (جمرات)
5. جامع مسجد عائشہ ( الراجحی)
6. غلاف کعبہ کی نمائش
7. کلاک ٹاور میوزیم

almuneer.pk almuneer.pk almuneer.pk

# مسجد نبوی ﷺ

1. مدینہ منورہ
2. مدینہ کی فضیلت اور اس کا محل وقوع
3. مدینہ کے مختلف نام
4. مسجد نبویؐ
5. نمازوں کے ثواب میں اضافہ
6. مسجد نبوی کی زیارت کے لیے سفر
7. مسجد کی اقسام
8. حجرہ مبارک
9. نبی کریم ﷺ پر سلام بھیجنا
10. نبی کریم ﷺ کی قبر کی زیارت کا بیان
11. روضہ مبارک
12. روضہ مبارک میں نماز کیسے ادا کروں؟
13. مسجد نبوی میں داخل کے وقت ہدایات

# مدینہ کی تاریخی مقامات

1. مدینہ منورہ
2. مدینہ کی فضیلت اور اس کا محل وقوع
3. مدینہ کے مختلف نام
4. مسجد نبویؐ
5. مسجد قباء
6. قبا ایونیو
7. مسجد قبلتین
8. مسجد اجابہ
9. مسجد غمامہ
10. مسجد ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ
11. مسجد عمر بن خباب رضی اللہ عنہ
12. مسجد علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

almuneer.pk

# مدینہ کی تاریخی مقامات

13. بقیع قبرستان
14. جبل احد
15. جبل رماۃ
16. شہدائے احد کا قبرستان
17. سقیفہ بنو ساعدہ
18. قرآن کی پرنٹنگ کے لیے ملک فہد کمپلیکس
19. مدینہ میوزیم (حجاز ٹرین اسٹیشن میوزیم)
20. دار المدینہ تہذیبی و ثقافتی میوزیم
21. مسجد نبوی کی فن تعمیر کی نمائش
22. بین الاقوامی نمائش اور میوزیم سیرت نبوی اور اسلامی تہذیب
23. سٹی بسیں
24. سیاحتی بسیں

# نمبر نوٹ فرمالیں

مسائل معلوم کرنے کے لیے یا پریزینٹیشن لینے کے لیے یا دیگر معلومات کے لیے درج ذیل نمبرات پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**0331-2607204**

**0336-2158882**

پریزینٹیشن almuneer.pk ویب سائٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے۔